قرآنی عربی پروگرام

لیول 1: بنیادی عربی زبان

محمد مبشر نذیر

اس لیول کے اختتام پر انشاء اللہ آپ روز مرہ دینی معاملات میں استعمال ہونے والی عربی زبان سے واقف ہو جائیں گے۔

www.KitaboSunnat.com

یہ اس کتاب کا بیٹا ورژن ہے۔ اس کتاب کی نظر ثانی کا کام ابھی جاری ہے۔ اس وجہ سے اس کتاب میں زبان، اعراب اور گرامر کی غلطیاں پائی جا سکتی ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی

کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے

درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

فہرست

عنوان	صفحہ
تعارف	3
لیول 0: عربی رسم الخط	6
سبق 1: حروف تہجی	7
سبق 2: نصف حروف تہجی	14
سبق 3: حرکات	21
سبق 4: طویل حرکات	25
سبق 5: حروف لین	30
سبق 6 : تنوین اور مخصوص حروف	34
سبق 7 : تشدید	45
سبق 8 : عربی جملے	52
سبق 9 : عربی ٹائپنگ	63
سبق 10 : پریکٹس کیجیے!	64
لیول 1 : بنیادی عربی زبان	65
سبق 1A: بنیادی عربی گرامر	66
سبق 1B: بنیادی اذکار	70
سبق 2A: تذکیر و تانیث	75
سبق 2B: نماز	80
سبق 3A: رفع، نصب اور جر	90
سبق 3B: نیکی کیا ہے؟	92
سبق 4A: واحد، تثنیہ، جمع	98
سبق 4B: اللہ! اس کے سوا کوئی معبود نہیں	105
سبق 5A اسم ضمیر Pronouns	113
سبق 5B: نیت کرنا، دوسروں سے مانگنا اور دوسروں کی تعریف کرنا	130
اگلا لیول	135
ماخذ و مراجع	136

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تعارف

محترم قارئین! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عربی زبان سیکھنے کے لئے "قرآنی عربی پروگرام" کے انتخاب کا بہت بہت شکریہ۔ اس پروگرام میں انشاء اللہ ہم متعدد اسباق کے ذریعے عربی زبان سیکھیں گے۔ اس پروگرام کے اختتام پر انشاء اللہ آپ قرآن و حدیث اور مسلم علماء کی عربی کتب کے مطالعے پر قادر ہو جائیں گے۔ اس پروگرام کو اس طرح سے ڈیزائن کیا گیا ہے کہ آپ نہایت ہی آسانی کے ساتھ درجہ بدرجہ ادبیات اسلامیہ میں استعمال ہونے والی عربی زبان سیکھ سکتے ہیں۔ اس پروگرام کو قرآنی عربی پروگرام کا نام دینے کی وجہ یہ ہے کہ اس پروگرام کا محور و مرکز "قرآن مجید" ہے۔

لوگ عموماً دو وجوہات کی بنیاد پر عربی سیکھتے ہیں۔ ایک تو یہ کہ قرآن مجید، احادیث اور اسلامی لٹریچر کو سمجھا جاسکے اور دوسرے یہ کہ عربوں کے ساتھ جدید عربی میں گفتگو کی جاسکے۔ یہ پروگرام پہلے مقصد کی تکمیل کے لئے وضع کیا گیا ہے البتہ دوسرے مقصد کے لئے عربی سیکھنے والے بھی اس سے فائدہ اٹھاسکتے ہیں۔

عربی دنیا کی منظم ترین زبان ہے۔ اس کی وجہ سے اس کا سیکھنا بہت آسان ہے۔ اس کے قواعد و ضوابط بہت واضح ہیں۔ اگر آپ یہ قواعد و ضوابط سیکھ لیں تو چند ہی ہفتوں میں آپ اس زبان کا بڑا حصہ سمجھ سکتے ہیں۔ قرآن و حدیث کو سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ ہم قرآن و حدیث اور اسلامی لٹریچر میں استعمال ہونے والی عربی زبان سے واقفیت حاصل کریں۔ اس کے اسالیب کو پہچانیں اور اس کے محاوروں سے واقفیت حاصل کریں۔

اس پروگرام میں عربی سیکھنے کا طریقہ کار نہایت ہی سادہ ہے۔ روزانہ ایک سبق کا مطالعہ کیجیے۔ ہر سبق میں "اپنی صلاحیتوں کا امتحان لیجیے!" کے تحت مشقوں کو حل کیجیے۔ مشقوں کو حل کرنے کی کوشش کرنے سے پہلے جوابات ہرگز نہ دیکھیے۔ بعد میں جوابات کو چیک کیجیے۔ چند ہی ہفتوں میں آپ محسوس کریں گے کہ آپ عربی زبان سمجھنے پر قدرت رکھتے ہیں۔ آپ کی دلچسپی برقرار رکھنے اور معلومات ذہن نشین کروانے کی خاطر بعض معلومات کو الگ باکس کی صورت میں درج کیا گیا ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے:

تعمیر شخصیت: اس پروگرام کا مقصد محض عربی سکھانا ہی نہیں ہے بلکہ اپنی شخصیت کو قرآن و سنت کے سانچے میں ڈھالنا بھی ہے۔ اس لئے ہر سبق کے آغاز میں آپ کو یہ باکس ملے گا جس میں تعمیر شخصیت سے متعلق ٹپس دیے جائیں گے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟ عربی زبان اور عربوں سے متعلق دلچسپ معلومات آپ کو اس باکس میں ملیں گی۔

آج کا اصول: زبان کے قوانین اس باکس میں دیے جائیں گے تاکہ آپ انہیں آسانی سے یاد کر سکیں۔

چیلنج! آپ کی زبان دانی کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے آپ کو چیلنج دیا جائے گا جس کی مدد سے آپ عربی زبان کی صلاحیت کو بہتر بنا سکتے ہیں۔

مطالعہ کیجیے! اس باکس میں اچھی کتب اور تحریروں کے لنک فراہم کئے جائیں گے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تعارف

اس پروگرام کو اس انداز میں منظم کیا گیا ہے کہ آپ تدریجاً عربی سیکھتے چلے جائیں گے:

- لیول0: اس لیول کا مقصد آپ کو عربی رسم الخط سکھانا ہے۔ اگر آپ پہلے ہی عربی پڑھ سکتے ہیں تو آپ براہ راست لیول 1 سے آغاز کر سکتے ہیں مگر اس لیول کا طائرانہ جائزہ مفید رہے گا۔
- لیول1: اس لیول کا مقصد یہ ہے کہ آپ روزمرہ مذہبی معمولات میں استعمال ہونے والی عربی سیکھ لیں۔
- لیول2: اس لیول کا مقصد آپ کی زبان کی صلاحیت کو بڑھانا ہے۔ اس میں آپ بنیادی عربی گرامر سیکھتے ہیں اور اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کرتے ہیں۔ اس لیول کے اختتام پر آپ ڈکشنری کی مدد سے 30-40% عربی سمجھنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔
- لیول3: یہ لیول آپ کی زبان کی صلاحیتوں کو مزید بہتر بناتا ہے۔ اس آپ گرامر کے اعلیٰ مباحث کا مطالعہ کرتے ہیں اور آپ کے ذخیرہ الفاظ میں مزید اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے۔ اس لیول کے اختتام پر آپ ڈکشنری کی مدد سے 75-80% عربی سمجھنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔
- لیول4: اس لیول پر پہنچ کر آپ عربی گرامر کا مطالعہ مکمل کر لیتے ہیں۔ آپ کا ذخیرہ الفاظ اس حد تک پہنچ جاتا ہے کہ اب آپ ڈکشنری کی مدد سے 100% عربی سمجھنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔
- لیول5: یہ اس پروگرام کا آخری لیول ہے۔ اس لیول پر پہنچ کر آپ علم بلاغت (بشمول علم المعانی، علم البیان اور علم البدیع) کا مطالعہ کرتے ہیں اور زبان میں نازک احساسات کو سمجھنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ اب آپ ڈکشنری کا زیادہ استعمال کیے بغیر آرام سے پچھلے ڈیڑھ ہزار سال میں لکھی گئی عربی کتابوں کا مطالعہ کر سکتے ہیں۔

لیول 1 سے اس پروگرام اسباق کو دو سیریز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اے سیریز میں گرامر اور بلاغت کے قوانین سکھائے گئے ہیں۔ ان قوانین کے استعمال کے لئے قرآن مجید سے پریکٹس کروائی گئی ہے۔ بی سیریز میں زبان کے ذخیرہ الفاظ میں اضافے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس مقصد کے لئے قرآن مجید، حدیث اور ادبیات اسلامیہ سے اقتباسات پیش کئے گئے ہیں۔ آپ نے اس کے ذخیرہ الفاظ اور اسالیب کو سیکھتے ہوئے ان اقتباسات کا ترجمہ کرنا ہے۔ آپ کو قوانین یا الفاظ کو رٹنے کی ضرورت نہیں ہے۔ مشقوں کو اس طریقے سے ڈیزائن کیا گیا ہے کہ یہ قوانین اور الفاظ خود بخود آپ کے ذہن میں راسخ ہوتے چلے جائیں گے۔

اس پروگرام کے ذریعے آپ عربی بول چال پر نہ تو قادر ہو سکیں گے اور نہ ہی عربی زبان کے ادیب بن سکیں گے مگر یہ پروگرام آپ کو یہ مقاصد حاصل کرنے میں مدد ضرور کرے گا۔ عربی بول چال پر قدرت کے لئے آپ کو عرب ماحول اور تحریر سیکھنے کے لئے ایک استاذ کی ضرورت رہے گی جو آپ کی تحریروں کی اصلاح کر سکے۔

اس پروگرام کا بنیادی مقصد آپ کو زبان سمجھنے کے قابل بنانا ہے۔ اگر آپ کے ذہن میں کسی بھی سبق سے متعلق کوئی سوال پیدا ہو تو آپ براہ راست مصنف کو ای میل کر کے اپنے سوال کا جواب حاصل کر سکتے ہیں۔ اپنے تاثرات بھی ای میل کیجیے۔ اہل علم سے گزارش ہے کہ وہ اس کتاب میں جہاں کوئی غلطی دیکھیں تو مصنف کو مطلع فرما کر شکریہ کا موقع دیں۔ مصنف کا ای میل ایڈریس ہے: mubashirnazir100@gmail.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

تعارف

اپنے کمپیوٹر کو عربی زبان کے سیٹ اپ کر لیجیے۔ طریقہ کار یہ ہے:

Enable the Arabic Language in your computer. Follow these steps:

For Windows Vista Users

- Open "Regional and Language Options" from Control Panel
- Press “Keyboards and Languages” tab.
- Press “Change keyboards…” button
- Press “Add” button
- Select “Input Language: “Arabic“

The system may ask you to provide Windows CD during this process.

Warning: If you are using an unlicensed version of Windows, it may corrupt.

For Windows XP Users

- Open "Regional and Language Options" from Control Panel
- Choose Language tab.
- Check the "Install files for Complex Script and right-to-left languages (Including Thai)".
- Press Apply to proceed
- Press Details button.
- Press Add button.
- Select the “Arabic (Saudi Arabia)” in Input Language drop down list.
- Select the default “Arabic (102)” keyboard.
- Press “OK” and then “Apply”.

درج ذیل لنک سے مزید وسائل بھی ڈاؤن لوڈ کر لیجیے۔

www.mubashirnazir.org/Courses/Arabic/Level01/AR000-01-Contents-U.htm

- قرآن مجید اور اس کی ڈکشنریاں
- عربی اور اردو فانٹ
- صخر عربی انگریزی ڈکشنری: اسے اپنے کمپیوٹر پر انسٹال بھی کر لیجیے۔ انسٹال کرنے کے بعد یہ کام کر لیجیے۔

- Open "Regional and Language Options" from Control Panel
- In Regional Options change the standard format to Arabic (Saudi Arabia), and the location to be Saudi Arabia
- Press the 'Advanced' card (The third card up) and then change the language to Arabic (Saudi Arabia), then ok and restart your computer.
- Check that Sakhr Dictionary is working.
- Go back to the Regional Settings and change the settings to your normal settings.

اہم نوٹ

یہ اس کتاب کا بیٹا ورژن ہے۔ اس کتاب کی نظر ثانی کا کام ابھی جاری ہے۔ اس وجہ سے اس کتاب میں زبان، اعراب اور گرامر کی غلطیاں پائی جا سکتی ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لیول 0: عربی رسم الخط

اس لیول کے اختتام پر آپ عربی پڑھنے کے قابل ہو جائیں گے۔ اگر آپ عربی پڑھنا جانتے ہیں تو براہ راست لیول 1 سے آغاز کر سکتے ہیں۔ لیکن لیول 0 کے باکسز میں دی ہوئی معلومات کا مطالعہ بہت مفید رہے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 1: حروف تہجی

> **تعمیر شخصیت**
> اپنے ہر کام کا آغاز بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے کرنے کی عادت پیدا کیجیے۔

تمام زبانیں حروف تہجی سے مل کر بنتی ہیں۔ ہر حرف منہ کے کسی خاص حصے سے نکلنے والی آواز سے بنتا ہے۔ یہی حروف تہجی مل کر لفظ بناتے ہیں۔ مختلف الفاظ کو ایک خاص ترتیب دے دی جائے تو اس سے جملہ وجود میں آتا ہے۔ بہت سے جملے مل کر گفتگو کی شکل اختیار کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہر زبان کی تعلیم کا آغاز حروف تہجی سے ہوا کرتا ہے۔

عربی کے حروف تہجی کی تعداد ۲۹ ہے۔ یہ سب کے سب حروف اردو کے حروف تہجی بھی ہیں البتہ ان کی ادائیگی کرتے ہوئے غیر معیاری اردو بولتے ہوئے ہم کافی غلطی کرتے ہیں۔ ان کی درست ادائیگی کے لئے ہر حرف کی آواز سنیے۔

حرف	نام	آواز کا مخرج
ا	الف	
ب	با	[ب] کی آواز ہونٹوں کو ملانے سے پیدا ہوتی ہے۔
ت	تا	[ت] کی آواز زبان کے اگلے کنارے کو اوپر کے دانتوں کی جڑ میں لگانے سے پیدا ہوتی ہے۔
ث	ثا	[ث] کی آواز زبان کے اگلے کنارے کو اوپر کے دانتوں کے نچلے کنارے سے مس کرنے سے پیدا ہوتی ہے۔
ج	جیم	[ج] کی آواز زبان کے درمیانی حصے کو تالو سے لگانے سے پیدا ہوتی ہے۔
ح	حا	[ح] کی آواز حلق کی گہرائیوں سے پیدا ہوتی ہے۔
خ	خا	[خ] کی آواز حلق کے ابتدائی حصے سے نکلتی ہے۔

> **چیلنج!**
> [ج ح خ] کی آوازوں میں فرق بیان کیجیے۔

> **چیلنج!**
> [ب ت ث] کی آوازوں میں فرق بیان کیجیے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 1: حروف تہجی

حرف	نام	آواز کا مخرج
د	دال	[د] کی آواز زبان کے اگلے کنارے کو اوپر کے دانتوں کے درمیانی حصے میں لگانے سے پیدا ہوتی ہے۔
ذ	ذال	[ذ] کی آواز زبان کے اگلے کنارے کو اوپر کے دانتوں کے نچلے کنارے سے مس کرنے سے پیدا ہوتی ہے۔
ر	را	[ر] کی آواز زبان کے اگلے کنارے کو تالو کے اس حصے سے مس کرنے سے پیدا ہوتی ہے جو اوپر کے دانتوں سے جڑا ہوا ہے۔
ز	زا	[ز] کی آواز زبان کے اگلے کنارے کو تالو کے اس حصے سے مس کرنے سے پیدا ہوتی ہے جو اوپر کے دانتوں سے جڑا ہوا ہے۔ اس میں زناٹے کی آواز پیدا ہوتی ہے۔
س	سین	[س] کی آواز زبان کے اگلے کنارے کو تالو کے اس حصے سے مس کرنے سے پیدا ہوتی ہے جو اوپر کے دانتوں سے جڑا ہوا ہے۔ اس میں سیٹی کی آواز شامل ہوتی ہے۔
ش	شین	[ش] کی آواز زبان کے درمیانی حصے کو تالو سے لگانے سے پیدا ہوتی ہے۔
ص	صاد	[ص] کی آواز [س] کی طرح ہوتی ہے مگر اس میں کچھ بھاری پن پایا جاتا ہے۔
ض	ضاد	[ض] کی آواز کو زبان کے دائیں اور بائیں کنارے کو موڑ کر دانتوں کے درمیان سے پیدا کیا جاتا ہے۔

چیلنج!

[س ش ص ض] کی آوازوں میں فرق بیان کیجیے۔

آج کا اصول

ہر حرف تہجی کی آواز منہ کے کسی خاص حصے کو زبان سے ملانے سے نکلتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حرف	نام	آواز کا مخرج
ط	طا	[ط] کی آواز زبان کے اگلے کنارے کو اوپر کے دانتوں کی جڑ میں لگانے سے پیدا ہوتی ہے۔ اس کی آواز [ت] کی نسبت بھاری ہوتی ہے۔
ظ	ظا	[ظ] کی آواز زبان کے اگلے کنارے کو اوپر کے دانتوں کے نچلے کنارے سے مس کرنے سے پیدا ہوتی ہے۔ یہ آواز [ذ] کی نسبت بھاری ہوتی ہے۔
ع	عین	[ع] کی آواز حلق کی گہرائیوں سے پیدا ہوتی ہے۔
غ	غین	[غ] کی آواز حلق کے ابتدائی حصے سے نکلتی ہے۔
ف	فا	[ف] کی آواز ہونٹوں کے درمیان سے نکلتی ہے۔
ق	قاف	[ق] کی آواز زبان کے اندرونی حصے سے پیدا ہوتی ہے۔ یہ آواز [ک] کی نسبت ہلکی ہوتی ہے۔
ك	کاف	[ک] کی آواز زبان کے اندرونی حصے سے ہی پیدا ہوتی ہے۔

چیلنج!

[ا۔۔۔ع] کی آوازوں میں فرق بیان کیجیے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

مختلف علاقوں کے لوگ ایک ہی زبان کو مختلف انداز میں بولتے ہیں۔ ان کے لب و لہجہ، الفاظ کے استعمال اور محاوروں میں کافی فرق ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حرف	نام	آواز کا مخرج
ل	لام	[ل] کی آواز زبان کے دائیں اور بائیں کنارے کے داڑھوں سے ملنے سے پیدا ہوتی ہے۔
م	میم	[م] کی آواز ہونٹوں کے درمیان سے نکلتی ہے۔
ن	نون	[ن] کی آواز زبان کے اگلے کنارے کو اوپر کے دانتوں کے درمیانی حصے میں لگانے سے پیدا ہوتی ہے۔
ه	ہا	[ه] کی آواز حلق کے آخری حصے سے نکلتی ہے۔
و	واؤ	[و] کی آواز ہونٹوں کو گول کرنے سے نکلتی ہے۔
ء	ہمزہ	[ء] کی آواز منہ اور حلق کے خلا سے نکلتی ہے۔
ي	یا	[ی] کی آواز زبان کے درمیانی حصے اور تالو کے درمیان سے پیدا ہوتی ہے۔

چیلنج!

[ت ط] کی آوازوں میں فرق بیان کیجیے۔

چیلنج!

[ذ ز ظ] کی آوازوں کو سنیے اور ان میں فرق بیان کیجیے۔

چیلنج!

[ح۔۔۔ه] کی آوازوں میں فرق بیان کیجیے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے!

نیچے دیے گئے حروف تہجی کے نام لکھیے اور منہ سے ان کی آواز پیدا کیجیے۔ اس کے بعد سبق نمبر ا کی ڈاؤن لوڈ کردہ آوازوں کو سنیے اور اپنی آواز کے ساتھ ان کا موازنہ کیجیے۔ ہر حرف کا ایک نمبر ہے۔ اگر آپ کا اسکور ۸۰ فیصد سے کم ہو تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

حرف	نام
و	
ن	
ل	
ض	
ن	
و	
ص	
ض	
ع	
ء	

حرف	نام
س	
ن	
ح	
ا	
ا	
خ	
ض	
ظ	
ع	
د	

حرف	نام
ق	
ف	
م	
ح	
ح	
ط	
ص	
ض	
ل	
غ	

حرف	نام
ر	
م	
ا	
غ	
و	
ہ	
ث	
م	
ف	
س	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 1: حروف تہجی

حرف	نام
ی	
ء	
ذ	
ی	
خ	
ش	
ث	
ب	
د	
ق	
ظ	
ذ	

حرف	نام
ب	
س	
ب	
ش	
ث	
ج	
ث	
ش	
ع	
ش	
ت	
ك	

حرف	نام
ا	
ط	
ز	
ت	
ح	
د	
ح	
و	
غ	
ص	
ز	
ء	

حرف	نام
ب	
ج	
ل	
ق	
ك	
ث	
ف	
ذ	
ذ	
ه	
س	
ش	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 1: حروف تہجی

حرف	نام
ظ	
غ	
ل	
خ	
ض	
ه	
ج	
ر	
ر	
ص	
ك	
ن	

حرف	نام
ع	
ت	
د	
ء	
ظ	
ن	
ق	
ل	
م	
ه	
ك	
ى	

حرف	نام
ز	
ب	
خ	
ت	
ط	
س	
ف	
ظ	
ى	
ر	
ص	
ك	

حرف	نام
خ	
غ	
ع	
ط	
ا	
ى	
و	
ز	
ر	
ز	
ء	
ذ	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 2: نصف حروف تہجی

عربی اور اردو حروف تہجی کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ جب انہیں ایک دوسرے سے ملایا جاتا ہے تو انہیں عموماً نصف شکل میں لکھا جاتا ہے۔ یہ حروف اگر لفظ کے شروع میں آ جائیں تو ان کی شکل کچھ اور ہوتی ہے، درمیان میں کچھ اور اور آخر میں کچھ اور۔ یہاں ہم اصل حرف کو سیاہ میں درج کر رہے ہیں اور اضافی حرف [ب] کو سرخ رنگ میں۔ اضافی حروف کو درج کرنے کا مقصد یہ ہے کہ حرف کی مختلف شکلوں کی پہچان ہو سکے۔ آپ سیاہ حرف کو غور سے دیکھیے۔

تعمیر شخصیت

اپنے رب سے ملاقات کیجیے۔ نماز محض جسمانی ورزش نہیں ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات ہے۔

حرف	آغاز لفظ	وسط لفظ	آخر لفظ
ا	اب	باب	با
ب	بب	ببب	بب
ت	تب	بتب	بت | بة
ث	ثب	بثب	بث
ج	جب	بجب	بج
ح	حب	بحب	بح
خ	خب	بخب	بخ
د	دب	بدب	بد
ذ	ذب	بذب	بذ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 2: نصف حروف تہجی

آخر لفظ	وسط لفظ	آغاز لفظ	حرف
بر	برب	رب	ر
بز	بزب	زب	ز
بس	بسب	سب	س
بش	بشب	شب	ش
بص	بصب	صب	ص
بض	بضب	ضب	ض
بط	بطب	طب	ط
بظ	بظب	ظب	ظ
بع	بعب	عب	ع
بغ	بغب	غب	غ
بف	بفب	فب	ف
بق	بقب	قب	ق

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق2: نصف حروف تہجی

حرف	آغاز لفظ	وسط لفظ	آخر لفظ
ك	كب	بكب	بك
ل	لب	بلب	بل
م	مب	بَمب	بَم
ن	نب	بنب	بن
و	وب	بوب	بو
ہ	هب	بَهب	به
ء	أب	بءب | بأب | بإب | بؤب | بئب	بء | بأ | بإ | بؤ | بئ
ي	يب	بيب	بَى | بَي

چیلنج! [ہ ھ] کی مختلف شکلوں میں کیا فرق ہے۔ اس معاملے میں عربی، اردو سے کس حد تک مختلف ہے؟

چیلنج! جب [ی] کو دوسرے حروف کے ساتھ ملایا جاتا ہے تو اس میں کیا تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں۔ اس ضمن میں اردو اور عربی میں کیا فرق ہے؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 2: نصف حروف تہجی

اوپر دی گئی تفصیل سے ہم یہ نتائج اخذ کر سکتے ہیں:

- جب حروف کو ملایا جاتا ہے تو ان کی شکل میں تبدیلی رونما ہوتی ہے۔
- لفظ کے آغاز میں لکھا جانے والا حرف بالعموم نصف ہوتا ہے۔
- لفظ کے درمیان میں آنے والے حروف بالعموم نصف ہوتے ہیں اور انہیں اپنے سے پہلے اور بعد والے حروف سے ملایا جاتا ہے۔
- لفظ کے آخر میں آنے والے حروف مکمل ہوتے ہیں مگر انہیں اپنے سے پہلے حروف سے ملایا جاتا ہے۔
- ملانے کے نتیجے میں زیادہ تر حروف نصف ہو جاتے ہیں مگر بعض حروف اس سے مستثنیٰ ہیں۔
  - ا: یہ بالعموم اکیلا ہی لکھا جاتا ہے۔ بسا اوقات اس پر ایک چھوٹا سا ہمزہ لگا کر اسے [أ] یا [إ] کی شکل میں بھی لکھا جاتا ہے۔
  - ت: یہ لفظ کے آخر میں گول ت یعنی [ة] کی شکل میں بھی آتی ہے۔
  - ھ: یہ کبھی [ہ] اور کبھی [ھ] کی شکل میں آتا ہے۔
  - ی: یہ کبھی [ي] اور کبھی [ئ] کی شکل میں آتی ہے۔
  - و: یہ کبھی [ؤ] کی شکل میں بھی آتی ہے۔
- بعض حروف میں بالعموم کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوتی۔ البتہ انہیں دیگر حروف سے ملایا ضرور جاتا ہے۔ ان حروف میں [د ذ ر ز ء] شامل ہیں۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

عربی زبان کے مختلف حروف کو کھینچ کر نہایت ہی خوبصورت آرٹ تخلیق کیا جا سکتا ہے۔ اس تصویر کو دیکھیے۔

آج کا اصول

ہر زبان میں اس کے اہل زبان کا طریقہ ہی حجت تسلیم کیا جاتا ہے۔ اہل زبان اگر کسی قاعدے اور قانون کی پیروی کر رہے ہوں یا اس کی خلاف ورزی کر رہے ہوں، دونوں صورتوں میں اہل زبان کی پیروی کرنا ضروری ہوتا ہے۔ اگر وہ کسی قانون کی خلاف ورزی کر رہے ہوں تو اس پر انہیں مورد الزام نہیں ٹھہرایا جا سکتا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے!

نیچے دیے گئے الفاظ میں حروف تہجی کو الگ الگ کیجیے اور منہ سے ان کی آواز پیدا کیجیے۔ ہر لفظ کا ایک نمبر ہے۔ اگر آپ کا اسکور ۸۰ فیصد سے کم ہو تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

لفظ	حروف	لفظ	حروف	لفظ	حروف	لفظ	حروف
وجد	و ج د	فعل		سفرة		أبدا	
وسق		قترة		صحفا		أحدا	
وقب		قتل		صمد		أخذ	
ولد		قدر		طبق		أذن	
وهب		قرئ		طبقا		أمر	
هُمزة		قسم		طوى		أنا	
هدى		كبد		عبس		بخل	
آمن		كتب		عدل		بررة	
أوى		كسب		علق		جعل	
آنية		كفر		عمد		خلق	
ألف		كفوا		عنبا		ذكر	
أين		لبدا		غبرة		رفع	
به		لُمزة		مسد		رقبة	
جاء		لَهب		نخرة		سرر	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق2: نصف حروف تہجی

لفظ	حروف	لفظ	حروف	لفظ	حروف	لفظ	حروف
جاء		سلم		دافق		فيه	
هار		شدادا		شاهد		قال	
نارا		شرابا		عابد		قول	
خيرا		صوابا		عائلا		كان	
داوود		طعام		غاسق		كيدا	
رويدا		عذابا		ناصر		كيف	
رضوا		عطاء		والد		لوح	
رجال		غثاء		أعوذ		ليس	
ملك		كتابا		أكيد		مالا	
شيئ		كراما		يخاف		خوف	
طغى		لباسا		يده		ماء	
طغوا		لسانا		يقال		ويل	
طيرا		مابا		ترابا		يوم	
عاد		متاعا		حسابا		يره	
على		مطا ع		سباتا		حاسد	
عين		معاشا		سراجا		حافظ	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 2: نصف حروف تہجی

لفظ	حروف	لفظ	حروف	لفظ	حروف	لفظ	حروف
مفاذا		ارتضى		بعد		قريب	
مهدا		ارحم		بطش		كريم	
نباتا		ارتبتم		سعى		مجيد	
وفاتا		أنذر		كنت		محيط	
ثبورا		خير		لست		نعيم	
رسول		فاصبر		قرآن		يتيما	
شهود		صبرا		بردا		يسير	
قعود		يسير		مرية		ذلك	
وجوه		غلبا		ارجع		قريش	
أثيم		عسعس		إربة		عيشة	
أليم		يشرب		مصر		موءودة	
بصيرا		ترهق		قطر		موضوعة	
خبير		كشطت		قرطاس		موازينه	
رحيق		يدخلون		مرصاد		يومئذ	
شهيد		صنوان		فرقة		أنت	
عظيم		معصرت		من		اهد	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 3: حرکات

اب آپ عربی حروف کی مختلف شکلوں سے واقف ہو چکے ہیں۔ اس سبق میں ہم حروف پر موجود حرکات کو زیر بحث لائیں گے۔ ان حرکات کو اردو میں اعراب کہا جاتا ہے جبکہ عربی میں انہیں "حرکات" ہی کہا جاتا ہے۔ عربی میں بنیادی طور پر تین حرکات ہیں۔ فتحہ (یعنی زبر)، کسرہ (یعنی زیر)، ضمہّ (یعنی پیش)۔ اگر کسی حرف پر ان میں سے کوئی حرکت نہ پائی جائے تو اسے جزم (یعنی سکون) کہتے ہیں۔ اردو کی طرح عربی میں بھی ہر حرف پر کوئی نہ کوئی حرکت پائی جاتی ہے۔ جزم والے حرف کو ساکن پڑھا جاتا ہے۔ عربی رسم الخط میں ہم جزم کی علامت [ْ] استعمال کریں گے۔

جس حرف پر فتحہ ہو، اسے مفتوح، جس پر کسرہ ہو، اسے مکسور اور جس پر ضمہ ہو، اسے مضموم کہا جاتا ہے۔ ایسے حروف کو متحرک کہا جاتا ہے۔ جزم والے حرف کو ساکن یا مجزوم کہتے ہیں یعنی اس پر کوئی حرکت موجود نہیں ہے۔

تعمیر شخصیت

یہ احساس پیدا کیجیے کہ اللہ ہر وقت مجھے دیکھ رہا ہے اور مجھے اپنے اعمال کے لئے اس کے سامنے جواب دہ ہونا پڑے گا۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

بہت سے لوگ بعض حروف کو صحیح طور پر ادا نہیں کر سکتے۔ اکثر مصری [ج] کو [گ] پڑھتے ہیں۔ برصغیر پاک و ہند کے لوگ [ح۔۔ع] کو صحیح ادا نہیں کرتے۔ اس طرح انڈونیشیا کے لوگ [ف] کو درست ادا نہیں کرتے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن مجید کی تلاوت درست تلفظ رکھنے والے قاری سے سیکھنی چاہیے۔

آج کا اصول

دیگر تمام زبانوں کے برعکس عربی میں لفظ کا آخری حصہ بالعموم متحرک ہوتا ہے۔ اردو میں ایسا نہیں ہے۔ اردو میں لفظ کا آخری حصہ ساکن ہوتا ہے مگر عربی میں اس پر فتحہ، کسرہ یا ضمہ پائی جاتی ہے۔ اس کی وجہ سے عربی میں الفاظ کو ملا کر پڑھنے کا طریقہ اردو سے مختلف ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 3: حرکات

اس جدول میں مختلف حروف کو ان کی حرکات یا جزم کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ اس سبق سے متعلق آوازوں کو ڈاؤن لوڈ کر کے سنیئے۔ ان میں سے بعض آوازیں اردو سے مختلف ہیں جس کی وجہ سے اس سبق کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔

حرف	فتحہ کے ساتھ	کسرہ کے ساتھ	ضمہ کے ساتھ	جزم کے ساتھ
ا	اَ | أَ * aa	اِ | إِ ii	أُ uu	بَأْ ba
ب	بَ ba	بِ bi	بُ bu	بَبْ bab
ت	تَ ta	تِ ti	تُ tu	بَتْ bat
ث	ثَ tha	ثِ thi	ثُ thu	بَثْ bath
ج	جَ ja	جِ ji	جُ ju	بَجْ baj
ح	حَ ha	حِ hi	حُ hu	بَحْ bah
خ	خَ kha	خِ khi	خُ khu	بَخْ bakh
د	دَ da	دِ di	دُ du	بَدْ bad
ذ	ذَ dha	ذِ dhi	ذُ dhu	بَذْ badh
ر	رَ ra	رِ ri	رُ ru	بَرْ bar
ز	زَ za	زِ zi	زُ zu	بَزْ baz
س	سَ sa	سِ si	سُ su	بَسْ bas
ش	شَ sha	شِ shi	شُ shu	بَشْ bash
ص	صَ swa	صِ swi	صُ swu	بَصْ basw

* یہاں "الف" سے مراد اصل میں ہمزہ ہی ہے۔ ہمزہ ا، و، ی سب کے اوپر لکھا ہوا آتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جزم کے ساتھ	ضمہ کے ساتھ	کسرہ کے ساتھ	فتحہ کے ساتھ	حرف
badw بَضْ	dwu ضُ	dwi ضِ	dwa ضَ	ض
batw بَطْ	twu طُ	twi طِ	twa طَ	ط
bazw بَظْ	zwu ظُ	zwi ظِ	zwa ظَ	ظ
baa’ بَعْ	a’u عُ	a’I عِ	a’a عَ	ع
bagh بَغْ	ghu غُ	ghi غِ	gha غَ	غ
baf بَفْ	fu فُ	fi فِ	fa فَ	ف
baq بَقْ	qu قُ	qi قِ	qa قَ	ق
bak بَكْ	ku كُ	ki كِ	ka كَ	ك
bal بَلْ	lu لُ	li لِ	la لَ	ل
bam بَمْ	mu مُ	mi مِ	ma مَ	م
ban بَنْ	nu نُ	ni نِ	na نَ	ن
bah بَهْ	hu هُ	hi هِ	ha هَ	ه
baa بَأْ	au أُ	ii إِ	aa أَ	ء
bau بَوْ	wu وُ	wi وِ	wa وَ	و
bai بَيْ	yu يُ	yi يِ	ya يَ	ي

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے!

ان الفاظ کو پڑھیے۔ اس کے بعد ان کی آوازوں کو ڈاؤن لوڈ کر کے سنیئے اور دیکھیے کہ آپ نے کہاں غلطی کی ہے۔

لفظ		لفظ		لفظ	
أَخَذَ		عَبَسَ		فَعَلَ	
أَذِنَ		عَدَلَ		وَقَبْ	
أَمَرَ		فَعَلَ		قَتَلَ	
أَنَا		كُتِبَ		قَدَرَ	
جَعَلَ		قُتِلَ		وَهَبَ	
خُلِقَ		قَدَرَ		وُجِدَ	
ذَكَرَ		كُفِرَ		بَعْدَ	
رُفِعَ		فُعِلَ		لَسْتَ	
مِصْرَ		مِنْ		أَنْعَمْتَ	
مَنْ		اِقْرَأْ		أَنْعَمْتَ	
اِرْحَمْ		أُنْشِرَ		أَمْهِلْ	
فَاصْبِرْ		أَعْبُدُ		يَشْهَدُ	
أَنْذِرْ		نَعْبُدُ		نُشِرَتْ	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 4: حروف مدہ

اب آپ جان چکے ہیں کہ عربی حرکات یعنی فتحہ، ضمہ اور کسرہ کیا ہیں؟ بعض اوقات ان کی آواز طویل ہو جاتی ہے۔ جزم کو کھینچ کر لمبا نہیں کیا جا سکتا۔ اردو میں اس مقصد کے لئے کھڑی زبر، کھڑی زیر اور الٹا پیش استعمال کی جاتی ہے۔ برصغیر میں شائع ہونے والے قرآن مجید میں بھی ایسا کیا جاتا ہے۔ عرب ممالک کی شائع کردہ کتب میں اس کا طریقہ کار کچھ مختلف ہے۔ ان کی تفصیل یہ ہے:

تعمیر شخصیت

کسی کی عدم موجودگی میں اس کی کمزوریوں کو بیان کرنے کا نام غیبت ہے۔ قرآن مجید نے اسے اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھانے کے مترادف قرار دیا ہے۔

- کھڑی زبر کی آواز عام فتحہ سے دوگنا طویل ہوتی ہے۔ عربی میں اس مقصد کے لئے متعلقہ حرف پر زبر لگا دی جاتی ہے اور اس کے بعد ایک الف، جو کہ ساکن ہوتا ہے، کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ مثلاً "بٰ" یا "بَا" دونوں ایک ہی آواز دیتے ہیں۔
- کھڑی زیر کی آواز عام کسرہ سے دوگنا طویل ہوتی ہے۔ عربی میں اس مقصد کے لئے متعلقہ حرف پر زیر لگا دی جاتی ہے اور اس کے بعد ایک "ی ساکن" کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ مثلاً "بٖ" یا "بِي" دونوں ایک ہی آواز دیتے ہیں۔
- الٹے پیش کی آواز عام ضمہ سے دوگنا طویل ہوتی ہے۔ عربی میں اس مقصد کے لئے متعلقہ حرف پر پیش لگا دی جاتی ہے اور اس کے بعد ایک "واؤ ساکن" کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ مثلاً "بٗ" یا "بُو" دونوں ایک ہی آواز دیتے ہیں۔
- اگر الف دو مرتبہ آ جائے تو اسے الف مدہ یعنی "آ" کے طور پر لکھا جاتا ہے۔

آج کا اصول

عربی میں طویل حرکات عام حرکات کی نسبت دوگنا طویل ہوا کرتی ہیں۔

چیلنج!

تمام حروف کے آگے الف، ی اور واؤ لگا کر ان کی حرکات کو طویل کیجیے۔

مطالعہ کیجیے

تعمیر شخصیت پروگرام۔ آپ کی شخصیت کی تعمیر کے لئے اچھی تحریروں کا انتخاب۔

http://www.mubashirnazir.org/PD/Personalityurdu.htm

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 4: حروف مدہ

اس جدول میں مختلف حروف کو ان کی طویل حرکات کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ اس سبق سے متعلق آوازوں کو ڈاؤن لوڈ کر کے سنیے۔ آوازوں کو انگریزی میں بھی لکھ دیا گیا ہے۔

حرف	فتحہ	کسرہ	ضمہ
ا	آ | اٰ Aaa	إي | اِ Eee	أُو | اُ Uoo
ب	بَا | بٰ Baa	بِي | بِ Bee	بُو | بُ Boo
ت	تَا | تٰ Taa	تِي | تِ Tee	تُو | تُ Too
ث	ثَا | ثٰ Thaa	ثِي | ثِ Thee	ثُو | ثُ Thoo
ج	جَا | جٰ Jaa	جِي | جِ Jee	جُو | جُ Joo
ح	حَا | حٰ Haa	حِي | حِ Hee	حُو | حُ Hoo
خ	خَا | خٰ Khaa	خِي | خِ Khee	خُو | خُ Khoo
د	دَا | دٰ Daa	دِي | دِ Dee	دُو | دُ Doo
ذ	ذَا | ذٰ Dhaa	ذِي | ذِ Dhee	ذُو | ذُ Dhoo

کیا آپ جانتے ہیں؟

وقت کے ساتھ ساتھ تمام زبانیں تبدیل ہوتی رہتی ہیں۔ نئے الفاظ اور اسالیب وجود میں آتے ہیں۔ بعض پرانے الفاظ اور اسالیب متروک ہو جایا کرتے ہیں۔ الفاظ کے معانی میں تبدیلی آ جاتی ہے۔ عام عربی زبان میں بھی یہی اصول کار فرما ہے۔ عربی کی خصوصیت یہ ہے کہ چودہ سال سے یہ زبان زندہ ہے۔ قرآن مجید کی ہر جگہ پر تلاوت کی جاتی ہے۔ اس کے الفاظ عربوں کے ہاں عام استعمال میں آتے ہیں۔ مسلمانوں نے نہ صرف بعثت نبوی کے بعد کے دور بلکہ اس سے پہلے کے دور جاہلیت کی شاعری اور نثر کو بھی محفوظ کر رکھا ہے تا کہ اس زبان کو محفوظ کر دیا جائے جس میں قرآن نازل ہوا تھا۔ کوئی بھی عربی یا عجمی شخص جسے زبان کا ذوق ہو، قرآنی عربی کا ماہر بن سکتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 4: حروف مدہ

ضمہ	کسرہ	فتحہ	حرف
رُو | رٗ Roo	رِي | رٖ Ree	رَا | رٰ Raa	ر
زُو | زٗ Zoo	زِي | زٖ Zee	زَا | زٰ Zaa	ز
سُو | سٗ Soo	سِي | سٖ See	سَا | سٰ Saa	س
شُو | شٗ Shoo	شِي | شٖ Shee	شَا | شٰ Shaa	ش
صُو | صٗ Swoo	صِي | صٖ Swee	صَا | صٰ Swaa	ص
ضُو | ضٗ Dwoo	ضِي | ضٖ Dwee	ضَا | ضٰ Dwaa	ض
طُو | طٗ Twoo	طِي | طٖ Twee	طَا | طٰ Twaa	ط
ظُو | ظٗ Zwoo	ظِي | ظٖ Zwee	ظَا | ظٰ Zwaa	ظ
عُو | عٗ A’oo	عِي | عٖ A’ee	عَا | عٰ A’aa	ع
غُو | غٗ Ghoo	غِي | غٖ Ghee	غَا | غٰ Ghaa	غ
فُو | فٗ | Foo	فِي | فٖ Fee	فَا | فٰ Faa	ف
قُو | قٗ Qoo	قِي | قٖ Qee	قَا | قٰ Qaa	ق
كُو | كٗ Koo	كِي | كٖ Kee	كَا | كٰ Kaa	ك
لُو | لٗ Koo	لِي | لٖ Kee	لَا | لٰ Kaa	ل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 4: حروف مدہ

حرف	فتحہ	کسرہ	ضمہ
م	مَا | مٰ Maa	مِي | مٖ Mee	مُو | مٗ Moo
ن	نَا | نٰ Naa	نِي | نٖ Nee	نُو | نٗ Noo
و	وَا | وٰ Waa	وِي | وٖ Wee	وُو | وٗ Woo
ہ	هَا | هٰ Haa	هِي | هٖ Hee	هُو | هٗ Hoo
ء	ءَا | ءٰ Aaa	ءِي | ءٖ Aee	ءُو | ءٗ Uoo
ی	يَا | ىٰ Yaa	يِي | ىٖ Yee	يُو | ىٗ Yoo

اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے!

ان الفاظ کو پڑھیے۔ اس کے بعد ان کی آوازوں کو ڈاؤن لوڈ کر کے سنیے اور دیکھیے کہ آپ نے کہاں غلطی کی ہے۔

لفظ		لفظ	
أَمَنَ | آمَنَ		أَمَنَ	
أَوٰى | آوَى		أَوٰى	
إِلٰفِ		إِيلَافِ	
بِهِ		بِهٖ	
دَاوٗدَ		دَاوُوْدَ	
إِسْمٰعِيلَ		إِسْمَاعِيلَ	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

	لفظ		لفظ
	اليَتِيْمَ		لِسَانَا
	اليَسِيْرًا		مَابَا
	ذَالِكَ		ذٰلِكَ
	قَالَ		قُلَ
	قُعُوْدُ		قٰعَدَ
	حَاسِدُ		حٰسِدُ
	حَافِظُ		حٰفِظُ
	شَاهِدُ		شٰهِدُ
	عَابِدُ		عٰبِدُ
	وَالِدُ		وٰلِدُ
	اَكِيْدُ		مِهٰدًا
	شُهُوْدُ		بَصِيْرًا
	وَدُوْدُ		خَبِيْرًا
	صُعُوْدُ		رَسُوْلًا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

سبق 5: حروف لین

پچھلے سبق میں آپ نے طویل حرکات کا مطالعہ کیا تھا جو کہ الف، یا اور واؤ پر مشتمل تھیں۔ اس سبق میں ہم یا اور واؤ سے متعلق دو مزید حرکات کا مطالعہ کریں گے۔ ایسا اس صورت میں ہوتا ہے جب ان دونوں سے پہلے والے حرف پر فتحہ پائی جاتی ہو۔ ان حروف کو حروف لین کہا جاتا ہے۔

تعمیر شخصیت

حسد کرنے والا کسی اور کا کچھ نہیں بگاڑتا۔ وہ خود ہی کو حسد کی آگ میں جلا رہا ہوتا ہے۔

- اگر واؤ سے پہلے والے حرف پر زبر ہو تو اس کی آواز میں نرمی اور گولائی پائی جاتی ہے۔ مثلاً "بَو"۔ اس کی آواز کو اردو میں بالعموم "وَ" سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ اردو میں عموماً ایسے الفاظ کے تلفظ میں کچھ غلطی ہوتی ہے جیسے یَوْم (Yaum) کو عام طور پر Yom پڑھا جاتا ہے۔
- اگر یا سے پہلے والے حرف پر زبر ہو تو اس کی آواز میں بھی نرمی اور گولائی پائی جاتی ہے۔ مثلاً "بَي"۔ فارسی کے اثر کے باعث اردو میں عموماً ایسے الفاظ کے تلفظ میں کچھ غلطی ہوتی ہے جیسے خَيْر (Khair) کو عام طور پر Khar پڑھا جاتا ہے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

قرآن مجید کی زبان پوری دنیا میں اسٹینڈرڈ ہے۔ مختلف علاقوں کے عرب اگرچہ عربی مختلف لہجوں میں بولتے ہیں اور ان کے ذخیرہ الفاظ میں بھی تھوڑے بہت فرق پائے جاتے ہیں مگر قرآن مجید کے معاملے میں پوری امت مسلمہ متفق ہے۔

آج کا اصول

ہر زبان میں ایسا ہوتا ہے کہ اہل زبان کسی خاص لفظ کے معاملے میں عام اصول پر عمل نہیں کرتے۔ عربی گرامر میں ایسا کرنے کو شاذ (Exception) کہا جاتا ہے۔ عربی میں ایسا بہت ہی کم ہوتا ہے۔ اس کے برعکس انگریزی میں شاذ کا استعمال بہت زیادہ ہے۔

چیلنج!

عربی کے تمام حروف پر زبر لگا کر ان کے آگے ی اور واؤ کو پڑھنے کی پریکٹس کیجیے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 5: حروف لین

اس جدول میں مختلف حروف کو ان کی حرکات کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ اس سبق سے متعلق آوازوں کو ڈاؤن لوڈ کر کے سنیے۔

حرف	واؤ کے ساتھ	ی کے ساتھ
ا	Aau أو	Aae أي
ب	Bau بَو	Bae بَي
ت	Tau تَو	Tae تَي
ث	Thau ثَو	Thae ثَي
ج	Jau جَو	Jae جَي
ح	Hau حَو	Hae حَي
خ	Khau خَو	Khae خَي
د	Dau دَو	Dae دَي
ذ	Dhau ذَو	Dhae ذَي
ر	Rau رَو	Rae رَي
ز	Zau زَو	Zae زَي
س	Sau سَو	Sae سَي
ش	Shau شَو	Shae شَي
ص	Swau صَو	Swae صَي

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 5: حروفِ لین

ی کے ساتھ	واؤ کے ساتھ	حرف
Dwae ضَي	Dwau ضَو	ض
Twae طَي	Twau طَو	ط
Zwae ظَي	Zwau ظَو	ظ
A'ae عَي	A'au عَو	ع
Ghae غَي	Ghau غَو	غ
Fae فَي	Fau فَو	ف
Qae قَي	Qau قَو	ق
Kae كَي	Kau كَو	ك
Lae لَي	Lau لَو	ل
Mae مَي	Mau مَو	م
Nae نَي	Nau نَو	ن
Wae وَي	Wau وَو	و
Hae هَي	Hau هَو	ه
Aae ءَي	Aau ءَو	ء
Yae يَي	Yau يَو	ی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے!

ان الفاظ کو پڑھیے۔ اس کے بعد ان کی آوازوں کو ڈاؤن لوڈ کر کے سنیے اور دیکھیے کہ آپ نے کہاں غلطی کی ہے۔

لفظ	تلفظ	لفظ	تلفظ
أَيْنَ		مَوضُوعُ	
خَيرُ		يَومَ	
رُوَيدًا		قُرَيشُ	
خَوفُ		مَوءُودَةُ	
طَيرًا		زَيتُونَ	
عَينُ		صُهَيبُ	
قَولُ		عُمَيرُ	
كَيدًا		لَيسَ	
كَيفَ		وَيلُ	
لَوحُ		قَومُ	

مطالعہ کیجیے

مایوسی سے نجات کیسے؟ یہ تحریر ان افراد کے لئے مفید ہے جو کسی بھی قسم کی مایوسی کا شکار ہوں۔ مصنف نے اس تحریر میں مایوسی کی اقسام اور ان کی وجوہات کا تجزیہ کیا ہے۔ آخر میں مایوسی کو دور کرنے کی چند تجاویز بھی پیش کی گئی ہیں۔ www.mubashirnazir.org/er/L0002-00-Frustration.htm

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 6: تنوین اور مخصوص حروف

تعمیر شخصیت
چھوٹے چھوٹے اختلافی مسائل میں الجھنا اور دین کے بڑے بڑے احکامات کو نظر انداز کرنا ایک غیر متوازن رویہ ہے۔

عربی اور اردو میں ایک خصوصیت یہ ہے کہ ان کے بہت سے الفاظ کے آخر میں نون کی آواز پیدا ہوتی ہے۔ مثلاً، اسی لفظ "مثلاً" ہی کو لیجیے۔ اس کے آخر میں دو زبر لگا کر نون کی آواز پیدا کر دی گئی ہے۔ عربی میں یہ معاملہ کم و بیش تمام الفاظ ہی کا ہے۔ اس کے لئے دو زبر، دو زیر اور دو پیش استعمال کی جاتی ہیں۔ اسے تنوین کہا جاتا ہے۔

- دو پیش عموماً ایک ضمہ اور نون کی آواز دیتی ہے۔ جیسے كِتَابٌ = كِتَابُنْ
- دو زبر عموماً ایک فتحہ اور نون کی آواز دیتی ہے۔ جیسے كِتَابًا = كِتَابَنْ ، اس صورت میں ایک اضافی الف لگا دیا جاتا ہے۔
- دو زیر عموماً ایک کسرہ اور نون کی آواز دیتی ہے۔ جیسے كِتَابٍ = كِتَابِنْ

بعض مخصوص حروف

چیلنج! عربی کے تمام حروف پر تنوین لگا کر انہیں پڑھنے کی پریکٹس کیجیے۔

- ئ | ؤ: ان کی آواز میں ہمزہ اور معمولی سا جھٹکا پایا جاتا ہے۔
- آ: اس کی آواز الف کی طرح ہوتی ہے مگر یہ الف سے دوگنا طویل ہوتا ہے۔
- ة: یہ گول "ت" ہے جو کہ عموماً الفاظ کے آخر میں آتی ہے۔ اس کی آواز "ت" ہی کی طرح ہوتی ہے مگر اس جب ساکن پڑھا جائے تو اس کی آواز "ہ" کی طرح ہو جاتی ہے۔
- الف اور ہمزہ کی آواز ایک جیسی ہوتی ہے۔ عربی میں یہ تصور موجود ہے کہ الف پر کوئی حرکت نہیں آ سکتی۔ اگر کہیں الف پر کوئی فتحہ، کسرہ یا ضمہ موجود ہو تو اسے ہمزہ ہی تصور کیا جاتا ہے۔ برصغیر میں شائع کئے گئے قرآن مجید اور عربی کتب میں الف پر حرکت لگا دی جاتی ہے اور اسے ہمزہ کہا جاتا ہے۔ عرب ممالک میں شائع کردہ قرآن مجید اور دیگر عربی کتب میں ایسے ہمزہ کو فتحہ اور ضمہ کی صورت میں "أ" اور کسرہ کی صورت میں "إ" لکھا جاتا ہے۔ ایسا الف "ا" جو بغیر کسی حرکت کے ہو، ہمزہ وصلی کہلاتا ہے۔ اگر یہ جملے کے پہلے لفظ کا پہلا حرف ہو تو پڑھا جاتا ہے ورنہ نہیں۔ ایسی صورت میں اس سے پچھلے لفظ کے آخری حرف کو براہ راست اس سے اگلے حرف سے ملا دیا جاتا ہے۔
- ي | ى: اردو میں ان دونوں کو ایک ہی سمجھا جاتا ہے مگر عربی میں بغیر نقطوں کے "ى" کو الف سمجھا جاتا ہے جبکہ نقطوں والی "ي" کو عام طریقے سے پڑھا جاتا ہے جیسے عَلَى کو A'la جبکہ عَلِي کو A'li پڑھا جاتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 6: تنوین اور مخصوص حروف

اس جدول میں مختلف حروف کو تنوین کی حرکات کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔اس سبق سے متعلق آوازوں کو ڈاؤن لوڈ کر کے سنیے۔

ضمہ	کسرہ	فتحہ	حرف
Un اٌ	In اٍ	En اً	ا
Bun بٌ	Bin بٍ	Ben بًا	ب
Tun تٌ	Tin تٍ	Ten تًا	ت
Thun ثٌ	Thin ثٍ	Then ثًا	ث
Jun جٌ	Jin جٍ	Jen جًا	ج
Hun حٌ	Hin حٍ	Hen حًا	ح
Khun خٌ	Khin خٍ	Khen خًا	خ
Dun دٌ	Din دٍ	Den دًا	د
Dhun ذٌ	Dhin ذٍ	Dhen ذًا	ذ
Run رٌ	Rin رٍ	Ren رًا	ر
Zun زٌ	Zin زٍ	Zen زًا	ز
Sun سٌ	Sin سٍ	Sen سًا	س
Shun شٌ	Shin شٍ	Shen شًا	ش
Swun صٌ	Swin صٍ	Swen صًا	ص

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حرف	فتحة	کسرہ	ضمہ
ض	ضًا Dwen	ضٍ Dwin	ضٌ Dwun
ط	طًا Twen	طٍ Twin	طٌ Twun
ظ	ظًا Zwen	ظٍ Zwin	ظٌ Zwun
ع	عًا E'n	عٍ I'n	عٌ U'n
غ	غًا Ghen	غٍ Ghin	غٌ Ghun
ف	فًا Fen	فٍ Fin	فٌ Fun
ق	قًا Qen	قٍ Qin	قٌ Qun
ك	كًا Ken	كٍ Kin	كٌ Kun
ل	لًا Len	لٍ Lin	لٌ Lun
م	مًا Men	مٍ Min	مٌ Mun
ن	نًا Nen	نٍ Nin	نٌ Nun
و	وًا Wen	وٍ Win	وٌ Wun
ه	هًا Hen	هٍ Hin	هٌ Hun
ء	ءًا En	ءٍ In	ءٌ Un
ي	يًا Yen	يٍ Yin	يٌ Yun

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے!

ان الفاظ کو پڑھیے۔ اس کے بعد ان کی آوازوں کو ڈاؤن لوڈ کر کے سنیے اور دیکھیے کہ آپ نے کہاں غلطی کی ہے۔ اگر آپ کا اسکور ۸۰ فیصد سے کم ہے تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

لفظ	تلفظ	لفظ	تلفظ
اَبَدًا		سَفَرَةٌ	
اَحَدٌ		صُحُفًا	
اَخَذَ		صَمَدٌ	
اَذِنَ		طَبَقٌ	
اَمَرَ		طَبَقًا	
أَنَا		طُوٰى	ی الف کی طرح ہے
بَخِلَ		عَبَسَ	
بَرَرَةٌ		عَدْلٌ	
جَعَلَ		عَلَقٍ	
خُلُقَ		عَمَدٍ	
ذِكْرٌ		عِنَبًا	

آج کا اصول: عربی میں زیادہ تر اسموں پر ان کی اصل حالت میں تنوین ہی ہوتی ہے۔ اس میں بعض صورتوں میں تبدیلی واقع ہوا کرتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 6: تنوین اور مخصوص حروف

لفظ	تلفظ	لفظ	تلفظ
غَبَرَةٌ		وَجَدَ	
قَتَرَةٌ		وَسَقَ	
قُتَلَ		وَقَبَ	
قَدَرَ		وَلَدَ	
قُرِئَ		وَهَبَ	
قَسَمٌ		هُمَزَةَ	
كَبَدٌ		هُدًى	ی ساکن ہے
كُتُبٌ		اَمَنَ	
كَسَبَ		اَوٰى	ی الف کی طرح ہے
كَفَرَ		اٰنِيَةً	
كُفُوًا	الف ساکن ہے	اَلِفَ	
لُبَدًا	الف ساکن ہے	اَيْنَ	
لُمَزَةٍ		بِهٖ	

کیا آپ جانتے ہیں؟

قرآن مجید دنیا کی وہ واحد کتاب ہے جسے لاکھوں افراد زبانی یاد کر لیتے ہیں۔ اس کا کچھ حصہ تو ہر مسلمان کو یاد ہوتا ہی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لفظ	تلفظ	لفظ	تلفظ
جَآءَ		فِيْهِ	
جِيءَ		قَالَ	
نَارًا		قَوْلٌ	
خَيْرًا		كَانَ	
دَاوٗد		كَيْدًا	
رُوَيْدًا		كَيْفَ	
رَضُوْا		لَوْحٍ	
رِجَالٌ		لَيْسَ	
مٰلك		مَالًا	
شَيْءٍ		خَوْفٌ	
طَغٰى		مَآء	
طَغَوْا		وَيْلٌ	
طَيْرًا		يَوْمٌ	
عَادٍ		يَرَهٗ	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لفظ	تلفظ	لفظ	تلفظ
دَافِقٍ		سَلَمٌ	
شَاهِدٌ		شِدَادًا	
عَابِدًا		شَرَابًا	
عَائِلًا		صَوَابًا	
غَاسِقٌ		طَعَامٌ	
نَاصِرٌ		عَذَابًا	
وَالِدٌ		عَطَاءً	
أَعُوْذُ		غُثَاءً	
أَكِيْدُ		كِتَابًا	
يَخَافُ		كِرَامًا	
يَدَهُ		لِبَاسًا	
يُقَالُ		لِسَانًا	
تُرَابًا		مَابًا	
حِسَابًا		مَتَاعًا	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لفظ	تلفظ	لفظ	تلفظ
مَفَاذًا		قَرِيْبٌ	
مِهٰدًا		كَرِيْمٌ	
نَبَاتًا		مَجِيْدٌ	
وَفَاتًا		مُحِيْطٌ	
ثُبُوْرًا		نَعِيْمٌ	
رَسُوْلٌ		يَتِيْمًا	
شُهُوْدٌ		يَسِيْرًا	
قُعُوْدٌ		ذٰلِكَ	
وُجُوْهٌ		قُرَيْشٌ	
أَثِيْمٌ		عِيْشَةٌ	
أَلِيْمٌ		مَوْءٗدَةٌ	
بَصِيْرًا		مَوْضُوْعَةٌ	
خَبِيْرٌ		مَوَازِيْنُهٗ	
رَحِيْقٌ		يَوْمَئِذٍ	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لفظ	تلفظ	لفظ	تلفظ
بَعدَ		اِرتَضٰی	
بَطشَ		إرحَمْ	
سَعَی		إرْتَبْتُمْ	
كُنْتُ		أنْذِرَ	
لَستُ		خَيَرٌ	
قُرانٌ		فَاصْبِرْ	
بَردًا		صَبرًا	
مِرْيَة		يَسِيرٌ	
إرْجَعْ		غُلْبًا	
إربَة		عَسْعَسَ	
مِصْرَ		يَشْرِبُ	
قِطْر		تَرهَقُ	
قِرطَاسًا		كُشِطَتْ	
مِرصَاد		يَدْخُلُونَ	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لفظ	تلفظ	لفظ	تلفظ
رَفَعَ		غَبَرَةٌ	
رَقَبَةٌ		مَسَدْ	
لَهَبْ		جَآءَ	
سُرُرٍ		غُلُبًا	
عَلٰى		حَاسِدٌ	
عَيْنٌ		حَافِظٌ	
سُبَاتًا		مُطَاعٍ	
سِرَاجًا		مَعَاشًا	
شَهِيدٌ		أَنتَ	
عَظِيمٌ		إِهْدِ	
فِرقَةٌ		صِنوَانٌ	
مِنْ		مُعصِرٰتٍ	
قَدْحًا		يُغنِي	
قَضْبًا		لَغوًا	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 6: تنوین اور مخصوص حروف

لفظ	تلفظ	لفظ	تلفظ
مسكٌ		نُطفَةٌ	
نَخلاً		وَسَطَنَ	
نَشطاً		فَرَغتَ	
نَفسٍ		تَاتُونَ	
نَقعًا		يَسقَونَ	
يُسرًا		تَفعَلُونَ	
اَبقٰى		يَضحَكُونَ	
عَدنٍ		أنذَرنَا	
عَشرٍ		مُؤصَدَةٌ	
يَهدِي		إستَطَعتُ	
عَلَقٍ		مَجرٖهَا	اسے استثنائی طور پر مجرے ھا پڑھیں گے
خِلَافٍ		مُعْصِرٰتِ	
أنقَضَ		اَلقَارِعَةُ	
يُبدِئُ		اَلمَرءُ	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 7: تشدید

تعمیر شخصیت
دوسروں کو دکھانے کے لئے نیک کام کرنا ریاکاری کہلاتا ہے۔ ایسے اعمال اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قبول نہیں ہوا کرتے۔

عربی اور اردو میں جب ایک ہی حرف ایک ساتھ آ جائے تو اسے تشدید کہا جاتا ہے۔ ایسے حروف کو ایک دوسرے میں مدغم کر دیا جاتا ہے۔ تشدید کی علامت " ّ " ہے۔ اس سے متعلق بعض قوانین کی تفصیل یہ ہے:

- اگر میم یا نون پر تشدید ہو تو عربی میں ان کی آواز کو ناک کے اندرونی حصے سے نکالتے ہیں۔
- اگر لام یا "ر" پر تشدید اور فتحہ یا ضمہ ہو تو عربی میں ان کی آواز کو منہ بھر کر ادا کرتے ہیں۔ کسرہ کی صورت میں آواز باریک نکلتی ہے۔
- عربی کے اٹھائیس حروف تہجی میں سے چودہ ایسے ہے کہ اگر وہ الف اور لام کے بعد واقع ہوں تو الف اور لام کو نظر انداز کر کے انہیں براہ راست پچھلے لفظ سے ملا دیا جاتا ہے۔ ان حروف کو حروف شمسی کہا جاتا ہے۔ ان کی پہچان کے لئے ان کے اوپر تشدید لگا دی جاتی ہے۔ مثلاً الشَّمْسُ کو اشْشَمْسُ پڑھا جائے گا۔
- باقی چودہ حروف کی صورت میں لام کو ظاہر کر کے پڑھا جاتا ہے۔ مثلاً الْقَمَرُ کو القَمَرُ ہی پڑھا جائے گا۔ شمسی اور قمری حروف کی تفصیل یہ ہے۔

حروف شمسی	ت، ث، ج، د، ذ، ر، ز، س، ش، ص، ض، ط، ظ، ل
حروف قمری	ب، ح، خ، ع، غ، ف، ق، ك، م، ن، و، ہ، ء، ي

چیلنج!
عربی کے تمام حروف پر تشدید لگا کر انہیں پڑھنے کی پریکٹس کیجیے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟
قرآن مجید نہ تو نثر ہے اور نہ ہی شاعری۔ اس کا اپنا ہی ایک اسلوب ہے۔ قواعد کے مطابق قرآن مجید کی تلاوت اتنی خوبصورت لگتی ہے کہ انسان مسحور ہو کر رہ جاتا ہے۔ ایسا کرنے والوں کو "قاری" کہا جاتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 7: تشدید

اس جدول میں مختلف حروف کو تشدید کی حرکات کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ اس سبق سے متعلق آوازوں کو ڈاؤن لوڈ کر کے سنیے۔

ضمہ	کسرہ	فتحہ	حرف
No tasheed	No tasheed	No tasheed	ا
Abbu أبُّ	Abbi أبِّ	Abba أبَّ	ب
Attu أتُّ	Atti أتِّ	Atta أتَّ	ت
Aththu أثُّ	Aththi أثِّ	Aththa أثَّ	ث
Ajju أجُّ	Ajji أجِّ	Ajja أجَّ	ج
Ahhu أحُّ	Ahhi أحِّ	Ahha أحَّ	ح
Akhkhu أخُّ	Akhkhi أخِّ	Akhkha أخَّ	خ
Addu أدُّ	Addi أدِّ	Adda أدَّ	د
Adhdhu أذُّ	Adhdhii أذِّ	Adhdha أذَّ	ذ
Arru أرُّ	Arri أرِّ	Arra أرَّ	ر
Azzu أزُّ	Azzi أزِّ	Azza أزَّ	ز
Assu أسُّ	Assi أسِّ	Assa أسَّ	س
Ashshu أشُّ	Ashshi أشِّ	Ashsha أشَّ	ش
Aswswu أصُّ	Aswswi أصِّ	Aswswa أصَّ	ص

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 7: تشدید

حرف	فتحہ	کسرہ	ضمہ
ض	Adwdwa أضَّ	Adwdwi أضِّ	Adwdwu أضُّ
ط	Atwtwa أطَّ	Atwtwi أطِّ	Atwtwu أطُّ
ظ	Azwzwa أظَّ	Azwzwi أظِّ	Azwzwu أظُّ
ع	A’’a أعَّ	A’’i أعِّ	A’’u أعُّ
غ	Aghgha أغَّ	Aghghi أغِّ	Aghghu أغُّ
ف	Affa أفَّ	Affi أفِّ	Affu أفُّ
ق	Aqqa أقَّ	Aqqi أقِّ	Aqqu أقُّ
ك	Akka أكَّ	Akki أكِّ	Akku أكُّ
ل	Alla ألَّ	Alli ألِّ	Allu ألُّ
م	Amma أمَّ	Ammi أمِّ	Ammu أمُّ
ن	Anna أنَّ	Anni أنِّ	Annu أنُّ
و	Awwa أوَّ	Awwi أوِّ	Awwu أوُّ
ه	Ahha أهَّ	Ahhi أهِّ	Ahhu أهُّ
ء	Aaaa أءَّ	Aaei أءِّ	Aaau أءُّ
ي	Ayya أيَّ	Ayyi أيِّ	Ayyu أيُّ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے!

ان الفاظ کو پڑھیے۔ اس کے بعد ان کی آوازوں کو ڈاؤن لوڈ کرکے سنیے اور دیکھیے کہ آپ نے کہاں غلطی کی ہے۔ ہر لفظ کا ایک نمبر ہے۔ اگر آپ کا اسکور ۸۰ فیصد سے کم ہے تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

لفظ	تلفظ	لفظ	تلفظ
بُرِّزَ		قُوَّة	
حُصِّلَ		كَرَّةٌ	
صَدَّقَ		سُعِّرَتْ	
عَدَّدَ		قَدَّمَتْ	
قَدَّرَ		كَذَّبَتْ	
كَذَّبَ		زُوِّجَتْ	
نَعَّمَ		سُجِّرَتْ	
يَظُنُّ		فُجِّرَتْ	
يَحُضُّ		سُيِّرَتْ	
جَنَّةٍ		عُطِّلَتْ	

آج کا اصول: اگر کسی حرف پر تشدید کے ساتھ فتحہ ہو تو عربی رسم الخط میں اس فتحہ کو تشدید کے اوپر لکھا جاتا ہے۔ اگر کسی حرف پر تشدید کے ساتھ کسرہ ہو تو اس کسرہ کو تشدید کے نیچے مگر حرف کے اوپر لکھا جاتا ہے۔ اس طریقے سے آپ پہچان سکتے ہیں کہ کسی لفظ پر تشدید کے ساتھ فتحہ ہے یا کسرہ؟ البتہ برصغیر میں شائع ہونے والی عربی کتب میں کسرہ کو حرف کے نیچے لکھا جاتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 7: تشدید

لفظ	تلفظ	لفظ	تلفظ
أَيْدِيهِنَّ		يُصَلُّوْنَ	
عَلَيْهِنَّ		النَبِيُّ	
نُيَسِّرُهُمْ		عَدُوٌّ	
اَلْبَيِّنَةُ		تَوَلَّى	
قَيِّمَةٌ		تَوَّابًا	
عَشِيَّةٌ		ثَجَّاجًا	
مُذَكِّرٌ		غَسَّاقًا	
أَيَّانَ		مَفَرٌّ	
إِيَّاكَ		أَذَلٌّ	
تَجَلَّى		مُعْتَرَّ	
إِيَّايَ		مُمَدَّدَة	
مُكَرَّمَة		اَلتَّرَآئِبَ	
مِنَّا		اَلنَّشِطٰت	
ثُمَّ		كُوِّرَتْ	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

سبق 7: تشدید

تلفظ	لفظ	تلفظ	لفظ
	الشَّمْسُ		اَلسّٰبِحٰتِ
	فَطَلَّ		اَلسّٰبِقٰتِ
	الحَجَّ		مُدَبِّرَاتِ
	سَامِرِيُّ		ءَأَعْجَمِيٌّ
	بِمُصْرِخِيَّ		عَرَبِيٌّ
	التِّيْنِ		مَهِّلِ
	سِجِّيْلٍ		الخُنَّسِ
	سِجِّيْنٌ		الكُنَّسِ
	اليَمِّ		الصِّرَاطُ
	إِنَّ		تَبَّتْ
	الجَنَّةَ		أَحَطتُّ
	لِحُبِّ		مُسَمًّى
	إِنْشَقَّتْ		ثَمَنٌ
	النّٰزِعٰتِ		السَّمَآءُ
	النَّجْمُ		الصُّبْحُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 7: تشدید

لفظ	تلفظ	لفظ	تلفظ
النَّفّٰثٰتِ		الثَّاقِبُ	
فَعَّالُ		شَرِّ	
ضَآلًّا		الخَنَّاسُ	
دَآبَّةً		يَزَّكّٰى	
حَآجَّكَ		يَذَّكَّرُ	
حَآجُّوكَ		مُدَّثِّرُ	
لَضَآلُّوْنَ		مُزَّمِّلُ	
الضَّآلِّيْنَ		أَتُحَاجُّوْنَنِيْ	
عِلِّيُّوْنَ		تَحَآضُّوْنَ	
أَنَّ		صَافَّاتُ	
الَّذِينَ		مُضَآرٌّ	
إِلَّا		الصَّاخَّةُ	

آج کا اصول

اگر کسی حرف پر تشدید ہو اور اس سے پہلے "آ" ہو تو اس الف کی آواز کو پانچ گنا لمبا کر دیا جاتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق 8: عربی جملے

تعمیر شخصیت
قرآن کے قانون وراثت پر عمل کرنا ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے۔ اس کی خلاف ورزی کرنے والے کو اللہ تعالیٰ نے جہنم کے عذاب کی وعید سنائی ہے۔ جو لوگ اپنی بیٹیوں کو وراثت میں حصہ نہیں دیتے، وہ اس حکم کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔

مبارک ہو! اب آپ زیادہ تر عربی الفاظ پڑھ سکتے ہیں۔ اب آپ عربی جملے پڑھنا شروع کر سکتے ہیں۔ اردو کے برعکس عربی کی یہ خصوصیت ہے کہ اس میں ہر ہر لفظ کو الگ الگ نہیں پڑھا جاتا بلکہ مختلف الفاظ کو ملا کر پڑھا جاتا ہے۔ اس کے لئے کچھ قوانین مقرر کئے گئے ہیں جن کی تفصیل کچھ یوں ہے:

- عربی میں بہت سے الفاظ الف اور لام سے شروع ہوتے ہیں۔ اگر ایسا لفظ جملے کے شروع میں آرہا ہو تو اس الف کو فتح کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر **اَلْفَتْح** (Al-Fath)۔
- اگر ایسا لفظ جملے کے درمیان میں آرہا ہو تو اس صورت میں الف کو ساکن تصور کرتے ہوئے نظر انداز کر دیا جاتا ہے اور پچھلے حرف کو براہ راست لام سے ملا دیا جاتا ہے۔ آپ پچھلے سبق میں سیکھ چکے ہیں کہ اگر لام کے بعد کا حرف، حرف شمسی ہو تو پھر لام کو بھی نظر انداز کر کے پچھلے حرف کو براہ راست اگلے حرف میں ملا دیا جاتا ہے۔ اگر لام کے بعد کا حرف، حرف قمری ہو تو پھر پچھلے حرف کو لام سے ملا دیا جاتا ہے۔
- یہاں یہ بات بھی یاد رکھیے کہ الف ہر حال میں ساکن ہوتا ہے۔ اگر جملے کے شروع میں الف ہے تو مجبوراً اس پر کوئی حرکت لگاتے ہیں ورنہ اسے پڑھا نہیں جاتا۔ ہمزہ الف سے مختلف ہوتا ہے۔ ہمزہ کو پڑھا جاتا ہے۔ عربی میں ہمزہ پر فتحہ یا ضمہ کی صورت میں اسے "أ" اور کسرہ کی صورت میں "إ" کی شکل میں لکھا جاتا ہے۔
- اگر دو حروف ساکن ہو جائیں تو انہیں پڑھا نہیں جا سکتا۔ ایسی صورت میں ان میں سے ایک پر زبردستی کوئی حرکت لگا دی جاتی ہے۔
- اگر کسی لفظ کے آخر میں ساکن نون یا تنوین ہو اور اس کے بعد والا حرف "ی ر م ل و ن" میں سے ایک ہو تو اس نون کو متعلقہ حرف میں مدغم کر دیا جاتا ہے۔ آسانی کے لئے آپ انہیں "حروف یرملون" کہہ سکتے ہیں۔ اگر یہ کوئی اور حرف ہو تو پھر انہیں مدغم نہیں کیا جاتا۔
- اگر کسی لفظ کے آخر میں ساکن نون یا تنوین ہو اور اس کے بعد الف اور لام آرہے ہوں تو اس کے لئے نون کے نیچے کسرہ لگا کر اسے لام سے ملا دیا جاتا ہے۔ مثلاً **لُمَزَةِ الَّذی** (Lumazati Nillazi not Lumazatin Allazi), **عَادًا الْاُولٰی** (A'ada Nilaulaa *not* A'aadan Alaulaa). برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والے نسخوں میں اس صورت میں ایک چھوٹا سا نون دونوں الفاظ کے درمیان میں لکھ دیا جاتا ہے۔ مثلاً۔ **لُمَزَةِ نِ الَّذِی، عَادَ نِ الْاُولٰی** مگر عرب ممالک کے نسخوں میں یہ اہتمام نہیں کیا جاتا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

سبق 8: عربی جملے

- اگر تنوین یا نون ساکن کے بعد کوئی "ب" آ رہی ہو تو اس صورت میں نون کو میم میں تبدیل کر دیا جاتا ہے۔ مثلاً مِنْ بَعْدِ کو مِمْ بَعْدِ پڑھا جائے گا۔
- اگر جملے کے آخری لفظ کے آخری حرف سے پہلے الف، واؤ، یا، میں سے کوئی حرف ہو تو اس صورت میں انہیں کھینچ کر پڑھا جاتا ہے اور آخری حرف کو ساکن کر دیا جاتا ہے۔ مثلاً الرحمان = الرَّحْمَاااااانْ ، يَعْمَلُوْنَ = يَعْمَلُوْوووونْ ، العَالَمِينَ = العَالَمِيييينْ
- بعض اوقات کسی لفظ کے آخر میں ایک "ی" (بغیر نقطوں کے) ہوتی ہے۔ اسے عربی میں "الف" کے طور پر پڑھا جاتا ہے۔ اسے "الف مقصورہ" کہتے ہیں۔ اگر اس کے بعد کوئی لفظ ہو تو اس "ی" کو "الف" کی صورت میں لکھا جاتا ہے جیسے الْمَعْنَى، مَعْنَاهُ، رِضَى، رِضَاهُ وغیرہ۔

